**Shabbir / Fazil**

**19-07-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے سرکار کے مختلف محکموں اور وزارتوں میں قریبی تال میل کے ساتھ کام کرنے پر زور دیا ہے۔ وزیراعظم نے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ میٹنگ میں مستقبل کے اقدامات کے ایجنڈے کا جائزہ لیا۔

2- آج لوک سبھا میں پبلک امتحانات میں غلط طور طریقوں کی روک تھام سے متعلق ترمیمی بل 2026 پر آگے بحث ہوگی۔

3- دلی سرکار نے ہر اہل خاتون کو ڈھائی ہزار روپے کی ماہانہ مالی امداد فراہم کرنے کیلئے لکشمی یوجنا کو منظوری دے دی ہے۔

4- پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر کے علاقے میں پاکستانی فورسز کی جابرانہ کارروائی میں مرنے والوں کی تعداد گذشتہ دو دن کے دوران بڑھ کر 30 تک پہنچ گئی ہے۔

5- مغربی ایشیا میں ایران نے امریکی فورسز کو نشانہ بناتے ہوئے کئی بیلسٹک میزائل داغے ہیں۔ امریکہ اور سعودی عرب کی فورسز نے عراق میں ایران سے وابستہ گروپوں کے خلاف مشترکہ کارروائی کی ہے۔

6- اور دولت مشترکہ کھیلوں میں Gulveer Singh مردوں کی دس ہزار میٹر کی دوڑ میں چاندی کا تمغہ جیتنے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔ خواتین کے ویٹ لفٹنگ مقابلے میں HarjinderKaur نے بھی چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Secretararis Meeting

وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنی رہائش گاہ پر سرکار کے مختلف محکموں کے سکریٹریوں کے ساتھ اعلیٰ سطح کی دوسری میٹنگ کی صدارت کی۔ وزیر اعظم نے خزانے، معیشت، کامرس، صنعت اور ٹکنالوجی کے شعبوں سے وابستہ محکموں اور وزارتوں کے مستقبل کے اقدامات کے ایجنڈے کا جائزہ لیا۔ اس میٹنگ میں وِکست بھارت کے مقصد کی سمت پیشرفت میں تیزی لانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Aditya

میٹنگ کے دوران جناب مودی نے تمام وزارتوں اورمحکموں میں ٹیم سازی پر بالخصوص زور دیا اورافسران سے اپیل کی کہ وہ ایک مشترکہ مقصد کے احساس کے ساتھ کام کریں۔ انھوں نے حکومت کے اندر افقی اور عمودی دونوں طرح کی رکاوٹوں کو ختم کرنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ محکمے آپسی ہم آہنگی کے ساتھ کام کریں اور مربوط نتائج فراہم کرسکیں۔

عوام کو مرکز میں رکھنے والی حکمرانی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کے عوام حکمرانی کے مرکز میں رہنے چاہئیں۔ جناب مودی نے اس بات پر بھی زور دیا کہ توانائی کی سلامتی، قومی سلامتی، اقتصادی استحکام اور شہریوں کی بہبود سے قریب سے جڑی ہوئی ہے۔

جناب مودی نے اس بات پر زور دیا کہ ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے ساتھ ہی ڈیجیٹل سسٹم اور انفرا اسٹرا کچر کی حفاظت کیلئے سائبر سکیورٹی پر خاص توجہ دی جانی چاہیے۔ وزیر اعظم مودی نے ان حکمت عملی والے شعبوں میں پیشگی اور فعال مواصلات کی اہمیت پر زور دیا، جہاں بھارت بڑے اقدامات کر رہا ہے، تاکہ ایسے اقدامات کے ارد گرد پھیلی غلط معلومات اور بے بنیاد خدشات کا مقابلہ کیا جا سکے۔ اس میٹنگ میں کابینہ سکریٹری، اہم وزارتوں اور شعبوں کے سکریٹریز اور وزیر اعظم کی دفتر کے سینئر حکام نے شرکت کی۔

آکاشوانی نیوز سے آدتیہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

LS Exam Bill

لوک سبھا میں، آج پبلک امتحانات میں غلط طور طریقوں کے استعمال کی روک تھام سے متعلق ترمیمی بل 2026 پر آگے بحث ہوگی۔ مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتیندر سنگھ نے کل ایوان میں یہ بل غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا۔ مذکورہ بل میں پبلک امتحانات میں غلط طور طریقوں کے استعمال کی روک تھام سے متعلق 2024 کے ایکٹ میں ترمیم کی بات کہی گئی ہے۔

اس بل میں کئی اہم دفعات کو شامل کیا گیا ہے۔ اِن میں 10 سال تک کی قید کی سزا، 10 کروڑ روپے تک کا جرمانہ اور قصوروار افراد کی املاک ضبط کرنا شامل ہے۔

متعلقہ کیسوں کو تیزی کے ساتھ نمٹانے کی خاطر مذکورہ بل میں کہا گیا ہے کہ ہر ریاستی سرکار اور مرکز کے زیر انتظام علاقے کی انتظامیہ روزانہ کی بنیاد پر مقدمے کی کارروائی کیلئے خصوصی Fast Track عدالتیں قائم کریں گی۔ اس میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ تھانے میں متعلقہ جانکاری قلمبند کیے جانے کے دو مہینے کے اندر اندر اِن معاملات کی تحقیقات مکمل کی جانی چاہیے، جبکہ مقدمے کی کارروائی فردِ جرم داخل کیے جانے کے تین مہینے کے اندر اندر مکمل کرنا ہوگی۔

یہ بل پیش کرتے ہوئے مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتیندر سنگھ نے کہا کہ نئے بل میں طلبا اور ملک کے نوجوانوں کی بہبود کے تحفظ کے تئیں سرکار کے پختہ عہد کا اعادہ کیا گیا ہے۔

S/B - 0600 Jitendra Singh

بحث میں حصہ لیتے ہوئے کانگریس کے Gaurav Gogoi نے سرکار پر الزام لگایا کہ وہ تعلیم کے شعبے کے تعلق سے سنجیدہ نہیں ہے اور وہ حقیقی اصلاحات نہیں لانا چاہتی۔

S/B- 0600 Gaurav Gogoi

BJP کی ممبرِ پارلیمنٹ بانسوری سوراج نے مذکورہ بل کو ایک بڑی تبدیلی لانے والا قدم قرار دیا اور کہا کہ منصفانہ اور شفاف امتحانات کو یقینی بنانے کیلئے اس طرح کا بل وقت کا تقاضہ ہے۔

S/B - 0800 Bansuri Swaraj

سماجوادی پارٹی کے ممبرِ پارلیمنٹ اکھیلیش یادو نے مختلف امتحانات کے پرچے لِیک ہونے کے معاملے پر تشویش کا اظہار کیا۔

جناب یادو نے کہا کہ 2024 میں پبلک امتحانات میں غلط طور طریقوں کے استعمال کی روک تھام سے متعلق نیا ایکٹ بنائے جانے کے باوجود اس سال NEET UG امتحان کا پرچہ لیک ہوا۔

اِدھر کانگریس کی ممبرِ پارلیمنٹ پرینکا گاندھی واڈرا نے سرکار پر الزام لگایا کہ وہ طلبا کے مفادات کا تحفظ کرنے میں ناکام رہی ہے اور وہ تعلیمی نظام کو کمزور کر رہی ہے۔

دیگر ارکان نے بھی بحث میں حصہ لیا۔ اِن میں NCP، CPIM، YSRCP، RJD، AIMIM اور شرومنی اکالی دَل شامل ہیں۔ ×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

BJP Guru Ravidas

بھارتیہ جنتا پارٹی آج سنت شرومنی گرو روی داس مہاراج کے 650 ویں یوم پیدائش کے موقع پر گرو پورنیما کے سلسلے میں پورے ملک میں ''شری گرو روی داس مہاراج Samrasta سنکلپ ابھیان کا آغاز کر رہی ہے۔

وارانسی میں Seer گووردھن پور میں سنت روی داس کی جائے پیدائش پر اس مہم کا با ضابطہ طور پر افتتاح کیا جائے گا۔

ایک رپورٹ

V/C Sushil Tiwari

Rain Keralam

کیرالم میں 14 میں سے 7 ضلعوں میں کہیں کہیں موسلا دھار بارش کے امکان کے مدِنظر Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ریاست میں تیز بارش کا سلسلہ ہفتے کے روز تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ ریاست میں آج صبح سویرے سے اوسط بارش ہو رہی ہے۔×

PoJK Death Toll

پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر کے علاقے میں سرکار کی وحشیانہ کارروائی میں گذشتہ دو دن میں مرنے والوں کی تعداد 30 تک پہنچ گئی ہے۔ کئی لوگ زخمی بھی ہوئے ہیں۔ ایک مقامی گروپ، جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کے مطابق پاکستان کی فوج نے ہزاروں پُرامن مظاہرین پر فائرنگ کی جس سے پیر کے روز 25 افراد مارے گئے جبکہ کُل مزید پانچ افراد ہلاک ہوئے۔

اُدھر انسانی حقوق کی علمبردار تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے پاکستان کے قبضے والے جموں وکشمیر کے علاقے میں پاکستانی فورسز کی جانب سے مظاہرین کے خلاف مہلک طاقت کے استعمال کی اطلاعات کی آزادانہ اور شفاف تحقیقات پر زور دیا ہے۔ ساتھ ہی اُس نے پاکستانی حکام سے کہا ہے کہ خطے میں مواصلاتی خدمات بحال کی جائیں اور وہاں میڈیا اور آزاد مشاہدین کو جانے کی اجازت دی جائے۔x

US Iran War

امریکہ کی سینٹرل کمان نے کہا ہے کہ ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلاب کی فورسز نے مغربی ایشیاء کے خطّے میں تعینات امریکی فورسز پر اچانک حملے کی کوشش کرتے ہوئے کل رات کئی بیلسٹِک میزائل داغے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر امریکہ کی مرکزی کمان نے کہا ہے کہ ایران کے سبھی میزائلوں کو کامیابی کے ساتھ مار گرایا گیا اور امریکی فورسز پوری طرح چوکس اور مستعد ہیں۔ امریکہ نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ گزشتہ 72 گھنٹے کے دوران ایران کے پاسدارانِ انقلاب کی فورسز نے 30 ڈرون حملے کیے۔

جوابی کارروائی کرتے ہوئے امریکہ کی مرکزی کمان اور سعودی عرب کی مسلح فورسز نے عراق میں یہ الزام لگاتے ہوئے حملے کیے کہ ایران کے پاسدارانِ انقلاب کی فورسز نے ایران سے وابستہ گروپوں کو امریکی فورسز اور سعودی عرب کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملے کرنے کو کہا ہے۔

امریکہ اور سعودی عرب کے لڑاکا ہوائی جہازوں نے مشرقی عراق میں کئی لاجسٹکس اور اسلحہ رکھنے کے مقامات کو نشانہ بنایا۔ x

CWG Medals

گلاسگو میں جاری، 2026 کے دولتِ مشترکہ کھیلوں میں گلویر سنگھ، بھارت کے ایسے پہلے ایتھلیٹ بن گئے ہیں، جنھوں نے تاریخ رقم کی ہے، گلویر سنگھ نے مردوں کی دس ہزار میٹر دوڑ میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ Scotstoun اسٹیڈیَم میں اِس مایۂ ناز چیمپین کا مقام، آسٹریلیا کے Ky رابنسن کے بعد رہا۔ 29 سالہ بھارتی ویٹ لفٹر نے کمبائن وزن 227 کلوگرام اٹھاکر بھارت کا ساتواں حصہ حاصل کر لیا۔ اِس مقابلے میں ہرجندر نے بھی دولتِ مشترکہ کا لگاتار دوسرا تمغہ جیتا۔ انھوں نے 2022 میں برمنگھم میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔

اِسکے ساتھ ہی گلاسگو کے ان کھیل مقابلوں میں بھارت کے تمغوں کی کُل تعداد 12 ہوگئی ہے، جن میں دو سونے، سات چاندی اور تین کانسے تمغے ہیں۔

اسی دوران چار بھارتی مکے بازوں کا سونے کے تمغے حاصل کرنے کا یقین ہے۔ یہ لوگ اپنے تمغوں کو چاندی اور سونے کے تمغوں میں بدلنے کے مقصد سے اپنی کارکردگی پیش کریں گے، جب یہ لوگ سیمی فائنلز کھیلنے کیلئے میدان میں اتریں گے۔x

Jharhand Anti Naxal OP

جھارکھنڈ میں نکسلیوں کے خلاف کارروائی میں سکیورٹی فورسز کو ایک بڑی کامیابی ملی ہے۔ ایک بڑے ماؤنواز سرغنہ اور پولٹ بیورو کے ممبر Misir Besra کو دھنباد–Giridih سرحد سے گرفتار کیا گیاہے۔ اُس پر ایک کروڑ روپے کا انعام تھا۔
مشترکہ کارروائی کے دوران علاقائی کمیٹی کے ممبر Mehnat عرف Mochhu، ماؤنواز کیڈر گورو اور دو گاؤں والوں کو بھی پکڑا گیا ہے۔ Mocchu پر 15 لاکھ روپے کا انعام تھا۔
یہ کارروائی مخصوص خفیہ اطلاع ملنے پر کوبرا، CRPF اور جھارکھنڈ پولیس نے مشترکہ طور پر انجام دی۔x

WB NEET Protest

سپریم کورٹ کے حکم کے تناظر میں اور NEET پیپر لیک ہونے کے معاملے پر مظاہروں کے تعلق سے سبھی پہلوؤں کا جائزہ لینے کے بعد مغربی بنگال سرکار نے احتجاج میں حصہ لینے والے طلبا کے خلاف کسی طرح کے سخت اقدامات نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔
ریاستی سرکار نے البتہ یہ بھی کہا ہے کہ مجرمانہ ریکارڈ والے عناصر کے خلاف ضروری کارروائی کی جائے گی۔ ایک اخباری بیان میں اُس نے کہا ہے کہ ریاست میں NEET احتجاج کے سلسلے میں اب تک 16 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔x

India Seafarrrs

بھارت، جہاز رانی کی عالمی صنعت کیلئے تین لاکھ گیارہ ہزار 936 سمندری پیشہ وَر افراد کی فراہمی کرکے، جہازیوں کی فراہمی کرنے والا دنیا کا سب سے بڑا ملک بن کر ابھرا ہے۔
BIMCO-ICS کی جہازیوں کی افرادی قوت سے متعلق 2026 کے ریکارڈ کے متعلق بھارت میں اب دنیا کی، جہازیوں کی افرادی قوت کا 12 اعشاریہ ایک چھ فیصد حصہ موجود ہے۔ اُس کا مقام فلپنز سے پیچھے اور چین سے آگے ہے۔
اِس حصولیابی سے بھارت کے سمندری شعبے کی تاریخ میں سب سے زیادہ تبدیلی کی نشاندہی ہوتی ہے۔x

Sonwoal Review Meeting

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گذرگاہوں کے محکمے کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے بحری جہازوں کے عالمی Routes پر اثر انداز ہونے والی بڑھتی ہوئی جغرافیائی اور سیاسی کشیدگی کے تناظر میں محاذ آرائی کے خطرے والے خطوں میں کمرشل بحری جہازوں پر کام کرنے والے بھارتی ملاحوں کیلئے سلامتی اور بہبود کے اقدامات کا جائزہ لیا۔
وزیر موصوف نے وزارتِ خارجہ کے اعلیٰ اہلکاروں، جہازرانی محکمے کے ڈائریکٹوریٹ جنزل اور Oman، سعودی عرب، ایران، روس اور یوکرین سمیت مختلف ملکوں میں بھارتی مشنوں کے سربراہوں کے ساتھ ایک جامع جائزہ میٹنگ کی۔x

Trump Meeting

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کل وہائٹ ہاؤس میں یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی اور اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ الگ الگ میٹنگیں کیں۔ دونوں میٹنگیں اوول آفس میں بند کمرے میں ہوئیں۔ وہائٹ ہاؤس کی پریس سکریٹری Karoline Leavitt نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ صدر ٹرمپ نے صدر زیلنسکی اور وزیر اعظم نیتن یاہو کے ساتھ اپنی میٹنگیں ختم کی ہیں اور دونوں میٹنگیں مثبت اور نتیجہ خیز رہی ہیں۔x

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے چھتیس گڑھ، مشرقی مدھیہ پردیش اور وِدربھ میں کل بہت شدید سے انتہائی شدید بارش کے پیش نظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

اِدھر دلی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش، پنجاب، اتراکھنڈ اور اترپردیش میں اگلے دو دن تک کیلئے اورنج الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ جموں و کشمیر، لداخ، اترپردیش، جھارکھنڈ، مدھیہ مہاراشٹر اور مراٹھواڑا میں آج موسلہ دار بارش کے امکانات ہیں۔ امکان ہے کہ اسی طرح کا موسم کرناٹک، کیرالہ، ماہے، کونکن، گوا، تلنگانہ، ساحلی آندھرا پردیش اور راجستھان میں بھی رہے گا۔ شمالی مشرقی بھارت میں محکمے نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تری پورہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال وسکم میں اگلے دو دن تک موسلہ دار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

اسی دوران دلی اور اس سے متصل NCR میں قومی راجدھانی میں آج دن کے دوران بارش کا امکان ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ -اسلم بیگ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے پارلیمنٹ میں پیپر لیک کی روک تھام سے متعلق بل پر بحث کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار انقلاب کی شہ سرخی ہے پیپر لیک کی روک تھام کے ترمیمی بل پر زوردار بحث۔ اخبار پرتاپ کی سرخی ہے لوک سبھا میں منگل کو بھی وقفہ سوالات خلل کا شکار رہا۔ اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے، وزیراعظم نے آسام کے اراکین پارلیمنٹ سے ملاقات کر کے سیلاب کی صورتحال کی معلومات حاصل کیں، مدد کا یقین دلایا۔ راجناتھ نے کوسٹ گارڈ میں صنفی مساوات اور امدادی رقم سے متعلق دو پالیسی اصلاحات کا آغاز کیا۔ یہ خبر بھی اخبارات میں نمایاں ہے۔ اخبار نے دولتِ مشترکہ کھیلوں میں پیراایتھلیٹ شرمیلا ڈھنکھڑ کے شاٹ پُٹ میں سونے کا تمغہ جیتنے کی خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- ☆ اقتصادی پابندیاں ایران پر فوجی حملوں سے زیادہ مؤثر ہوسکتی ہیں: امریکی حکام کا بیان۔
- ☆ ایران نے ثالثوں کے ذریعے کیے جانے والے مذاکرات میں امریکی تجاویز مسترد کر دیں۔
- ☆ ٹرمپ نے ترکیہ کو ایف-35 جنگی طیاروں کی فروخت پر نیتن یاہو کا اعتراض مسترد کر دیا۔
- ☆ یوروپ میں فوجی موجودگی پر نظرثانی، امریکہ کا بڑا فیصلہ نیٹو میں ہلچل۔
- ☆ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں ایک ہفتے کی کم ترین سطح پر۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے سرکار کے مختلف محکموں اور وزارتوں میں قریبی تال میل کے ساتھ کام کرنے پر زور دیا ہے۔ وزیراعظم نے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ میٹنگ میں مستقبل کے اقدامات کے ایجنڈے کا جائزہ لیا۔

2- آج لوک سبھا میں پبلک امتحانات میں غلط طور طریقوں کی روک تھام سے متعلق ترمیمی بل 2026 پر آگے بحث ہوگی۔

3- دلی سرکار نے ہر اہل خاتون کو ڈھائی ہزار روپے کی ماہانہ مالی امداد فراہم کرنے کیلئے لکشمی یوجنا کو منظوری دے دی ہے۔

4- پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر کے علاقے میں پاکستانی فورسز کی جابرانہ کارروائی میں مرنے والوں کی تعداد گذشتہ دو دن کے دوران بڑھ کر 30 تک پہنچ گئی ہے۔

5- مغربی ایشیا میں ایران نے امریکی فورسز کو نشانہ بناتے ہوئے کئی بیلسٹک میزائل داغے ہیں۔ امریکہ اور سعودی عرب کی فورسز نے عراق میں ایران سے وابستہ گروپوں کے خلاف مشترکہ کارروائی کی ہے۔

6- اور دولت مشترکہ کھیلوں میں Gulveer Singh مردوں کی دس ہزار میٹر کی دوڑ میں چاندی کا تمغہ جیتنے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔ خواتین کے ویٹ لفٹنگ مقابلے میں Harjinder Kaur نے بھی چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---